نظامتِ فاصلاتی تعلیم

(Directorate of Distance Education)

2019-20 Batch

تفویضات

(Assignments)

B A (Economics)

سال: اول

پرچہ 1: تجزیاتی معاشیات

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

گچی باؤلی، حیدرآباد-500 032

Maulana Azad National Urdu University

Gachibowli, Hyderabad-500 032

B A (Economics)

سال: اول

پرچہ 1: تجزیاتی معاشیات (Paper 1: Microeconomics)

مفوضہ کام -1 (اکائی 1 تا اکائی 7)

Assignment-1 (Unit 1 to Unit 7)

حصہ اوّل

تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں

1. فرانسس کوئزنی (Francis Quesnay) نے محنت کی قدر کے نظریے پر زور دیا۔ (صحیح یا غلط)
2. معاشیات کی قلت کی تعریف کس نے دی؟ (آڈم سمتھ / لیونل رابنس / الفریڈ مارشل)
3. کسی عام حقیقت کے مفروضے پر خاص حقیقتوں کو معلوم کیا جاتا ہے تو اس طریقے کو کہتے ہیں: (استخراجی طریقہ / استقرائی طریقہ)
4. آرڈینل افادے کے تجزیے کے حساب سے افادے کی پیمائش کی جاسکتی ہے۔ (صحیح یا غلط)
5. نفع صارف کا تصور کس نے پیش کیا؟ (ہکس / الفریڈ مارشل)

(5*2=10)

حصہ دوم

مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی دو سوالوں کے جوابات لازمی ہیں

6. سکونیاتی تجزیہ اور حرکیاتی تجزیے کے درمیان فرق بتائیں۔
7. بنیادی معاشی مسائل کی وضاحت کریں۔
8. طلب کا تعین کرنے والے عناصر کے بارے میں لکھیں۔
9. طلب کی لچک پذیری بہ لحاظ آمدنی وضاحت کریں۔

(2*5=10)

حصہ سوم

مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لازمی ہے

10. خطوط بے نیازی کی خصوصیات کی وضاحت کریں۔

11. لچک پذیری کی پیمائش کیسے کرتے ہیں؟ بیان کریں۔

12. خاکے کی مدد سے قانون تقلیل افادہ مختتم کی وضاحت کریں۔

(1*10=10)

☆☆☆

B A (Economics)

سال: اول

پرچہ: تجزیاتی معاشیات (Paper 1: Microeconomics)

مفوضہ کام-2 (اکائی 8 تا اکائی 16)

Assignment-2 (Unit 8 to Unit 16)

حصہ اوّل

تمام سوالوں کے جوابات لازمی ہیں

1. متغیر تناسب کے قانون کے مطابق کسی فرم کے تفاعل پیداوار میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں تبدیلی ہوتی ہے۔
(ایک داخل / تمام داخلات)
2. کسی ایک شے کی پیداوار کا صرف ایک ہی طریقہ ہے تو اس طرح کے یک مقدار خط کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔
(مستقیم پیداوار خط / داخل۔ حاصل یک مقدار خط)
3. پیداوار کی بہترین تکنک کے اختیار کرنے کے نتیجے میں اگر فرم کو کفایت حاصل ہوتی ہے تو وہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کفایت ہے۔
(اندرونی کفایت / خارجی کفایت)
4. اشیا اور خدمات کی براہ راست خریدی کے لیے فرم جو اخراجات کرتی ہے انہیں ہم ۔۔۔۔۔۔۔۔ لاگت کہتے ہیں۔
(واضح لاگت / مضمر لاگت)
5. کل محاصل کو فروخت شدہ اشیا کی تعداد سے تقسیم کر دیا جائے تو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ محاصل حاصل ہوتے ہیں۔
(کل محاصل / اوسط محاصل)

(5*2=10)

حصہ دوم

مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی دو سوالوں کے جوابات لازمی ہیں

6. اجارہ داری میں محاصل کے خطوط کی وضاحت کریں۔
7. بازار کی مختلف اقسام کی بارے میں لکھیں۔
8. جب کوئی فرم نارمل سے زیادہ نفع کماتی ہے تو توازن کی شرائط کیا ہیں؟ وضاحت کریں۔

9. توازنی قیمت پر طلب میں تبدیلیوں کے اثرات کیا ہیں؟ بیان کریں۔

(2*5=10)

حصہ سوم

مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لازمی ہے

10. مکمل مسابقتی بازار کی خصوصیات کی وضاحت کریں۔

11. محاصل (آمدنی) کی قسموں کی وضاحت کریں۔

12. یک مقدار خطوط کی خصوصیات کی وضاحت کریں۔

(1*10=10)

☆☆☆

B A (Economics)

سال: اول

پرچہ: تجزیاتی معاشیات (Paper 1: Microeconomics)

مفوضہ کام۔3 (اکائی 17 تا اکائی 25)

Assignment-3 (Unit 17 to Unit 25)

حصہ اوّل

تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں

1. "رسد اپنی طلب کو خود تخلیق کرتی ہے" یہ کس کا نظریہ ہے؟
   (جے۔بی۔سے / جے۔ایم۔کینز)
2. آمدنی میں تبدیلی کے نتیجے میں صرف میں ہونے والی تبدیلی کو کہتے ہیں:
   (اوسط میلان صرف / حاشیائی میلان صرف)
3. تیز کار کا تصور کس کی پیش کش ہے؟
   (جے۔بی۔کلارک / جے۔بی۔سے)
4. کلاسیکی نظریے کے حساب سے شرح سود میں کمی کر کے سرمایہ کاری میں ---------- کیا جا سکتا ہے۔
   (اضافہ / کمی)
5. -------------- سے پتہ چلتا ہے کہ مختتم اصل کتنا کارکرد ہے۔
   (اصل کی مختتم کارکردگی / شرح سود)

(5*2=10)

حصہ دوم

مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی دو سوالوں کے جوابات لازمی ہے

6. مارکیٹ میکانزم کی خامیاں کیا ہیں؟ وضاحت کریں۔
7. متعلقہ آمدنی مفروضے کی وضاحت کریں۔
8. موثر طلب کی اہمیت کیا ہے؟ بیان کریں۔

9. تفاعلِ صرف کے اجزا کی وضاحت کریں۔

(2*5=10)

حصہ سوم

مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لازمی ہے

10. جے۔بی۔سے کے قانون مارکیٹ کی وضاحت کریں۔

11. سرمایہ کاری ضارب کیا ہے؟ یہ تیز کار سے کیسے الگ ہے؟ بیان کریں۔

12. کینز کے ترجیح نقد کی بنیاد پر شرح سود کے نظریے کی واضاحت کریں۔

(1*10=10)

☆☆☆